# بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

**نمبر = ص ا ب /س/۲/۱/۲۰۱۸ مورخہ۲۵/نومبر ۲۰۱۹**

بخدمت = چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان،کوئٹہ۔

**موضوع = قرارداد نمبر ۷۰ منجانب نصراللہ زیرئے۔**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس ۲۱/نومبر ۲۰۱۹ میں ذیل منظور شدہ قرارداد نمبر ۷۰ منجانب نصراللہ زیرئے ،رکن اسمبلی بمراد اطلاع و کارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے نیز قواعد وانضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی ۱۹۷۴ء کے قاعدہ نمبر (۲) ۱۱۴ کے تحت قرارداد پر عمل درآمد کی بابت اسمبلی کو دو ماہ کے اندر مطلع فرمائیں۔

## قرارداد۔

ہر گاہ کہ کلی سبیل سمنگلی کے زمینداروں کی جدی پشتی 3000 ایکڑ بلا بیمودہ اراضیات پر ایئر فورس کی جانب سے دیوار تعمیر کی گئی ہے اب وہاں پولیس چوکی تعمیر/ قائم کرنیکی کوشش بھی کی جارہی ہے جبکہ ملک کے قیام سے قبل بھی یہ اراضی کاسی قبیلہ کی ملکیت تھی اور اس پر کاسی قبیلہ ہی قابض تھا جب رائل ایئر فورس RAF یہاں مشقوں کا انعقاد کرتی تو کاسی قبیلہ اور نوحصار کے زمینداروں کو سالانہ وار کے حساب سے کرایہ بھی ادا کرتی جسے بعد میں بڑھایا بھی گیا سال 1977 میں ایئر فورس نے کلی سمنگلی کی زرعی اراضیات کو ایکوائر پر کیا تو مذکورہ گاوں/کلی کی اراضی جو آبادی میں واقع تھی کے بدلے میں بغیر کسی انتقال کے زبانی کلامی حکومت کو دی گئی جو 2019 تک وہاں کے زمینداروں کے قبضے میں تھی اور وہاں ایک عید گاہ بھی تعمیر کی گئی جواب غیر متعلقہ افراد کے نام الاٹ کی گی ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ کلی سبیل سمنگلی میں کاسی قبیلہ کی اراضی پر جو کہ غیر متعلقہ افراد کے نام الاٹ کی گئی ہے کو کینسل اور اس پر تعمیر کردہ غیر قانونی پولیس چوکی کے ختم کرنے کو یقینی بنائے

**(صفدر حُسین)**

**معتمد،**

**نقل برائے اطلاع بخدمت:۔**

۱) **بخدمت نصراللہ زیرئے رکن اسمبلی/محرک قرارداد۔**
۲) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان،اسلام آباد۔
۳) سیکرٹری سینٹ،سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان،اسلام آباد۔
۴) پرنسل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ،(پبلک) ایوان صدر،اسلام آباد۔
۵) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان،وزیراعظم سیکرٹریٹ،اسلام آباد۔
۶) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ،بلوچستان،کوئٹہ۔
۷) سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور،حکومت بلوچستان،کوئٹہ۔
۸) سیکرٹری مال،حکومت بلوچستان،کوئٹہ۔
۹) سیکرٹری،صوبائی اسمبلی، پنجاب،لاہور۔سندھ،کراچی۔خیبر پختونخوا،پشاور۔قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفر آباد۔قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی،گلگت بلتستان۔

**〈قادر بخش شاھوانی〉**

شریک معتمد،(سوالات)